سوال

(811) معینہ عدت سے کچھ دن زیادہ گزارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک خاتون نے اپنے شوہر کی وفات کے بعد چار ماہ دس دن عدت پوری کی ہے، مگر بھولے سے دو دن زیادہ ہوگئے ہیں، تو کیا اس سے کوئی حرج تو نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس زیادتی کا کوئی حرج نہیں۔ جب عدت پوری ہوگئی تو وہ پابندیوں سے بھی آزاد ہوگئی۔ تاہم عدت اور احداد کے ایام میں اضافہ کرنا جائز نہیں ہے۔ مگر جو بھول جائے اسے معاف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

رَبَّنا لا تُؤاخِذنا إِن نَسينا أَو أَخطَأنا ۲۸٦ ... سورة البقرة

''اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کر جائیں تو اس پر ہمارا مواخذہ نہ کر۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 576

محدث فتویٰ